**بھارت- آرمینیا کے درمیان دفتر خارجہ مشاورت کا 12واں دور (اکتوبر 29، 2026 )**

بھارت اور آرمینیا کے درمیان دفترِ خارجہ مشاورت (FOC) کا 12واں دور 29 اکتوبر 2026 کو نئی دہلی میں منعقد ہوا. بھارتی وفد کی قیادت سیکرٹری (مغرب) سفیر سیبی جارج نے کی، جبکہ جمہوریہ آرمینیا کے وفد کی قیادت نائب وزیر خارجہ عزت مآب جناب مناتساکان سفاریان نے کی. ایف او سی (FOC) کا گزشتہ دور 07 نومبر 2025 کو آرمینیا میں منعقد ہوا تھا.

2.بھارت اور آرمینیا کے درمیان خوشگوار اور دوستانہ تعلقات ہیں، جنہیں سیاسی اور سرکاری سطح پر باقاعدہ تبادلوں سے تقویت ملتی ہے. 2027 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 35 ویں سالگرہ کا جشن منایا جائے گا.

3.ایف او سی (FOC) کے دوران، فریقین نے باہمی تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا، جن میں اعلیٰ سطحی تبادلے، ادارہ جاتی میکانزم کے تحت روابط، نیز تجارت و سرمایہ کاری، سائنس و ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، تعلیم، انسدادِ دہشت گردی، ثقافت اور عوام کے مابین تعلقات کے شعبوں میں تعاون شامل ہے.

4.فریقین نے کثیرالجہتی فورمز پر باہمی تعاون سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا.

5.اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ دفترط خارجہ کی مشاورت کا اگلا دور آرمینیا میں باہمی طور پر موزوں تاریخ پر منعقد کیا جائے گا.

**نئی دہلی**
**اکتوبر 29، 2026**